نام کتاب	حقائق حسنیٰ شرح اسماء الحسنیٰ
مصنف	حضرت مولانا غلام ربانی رحمۃ اللہ علیہ
اضافہ	جانشین وصاحبزادہ بندہ ابوذر غفاری زید مجدھم
مترجم	مولانا عبید الرحمٰن عفی عنہ
اشاعت	۱۴۳۳ھ بمطابق ۲۰۱۲ء

آئینہ کتاب

دیباچہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نحمد الله الذى خلق الخلق ويعلمه تسبيحًا واحاط بكل شيء علماط ويعلم ما بين ايديهم وما خلفهم وهو عليم بذات الصدور ط وقال واذكر اسم ربك وتبتل اليه تبتيلاط ونصلى على خاتم الانبياء والمرسلين اما بعد!

ہر چیز کی ماہیت کے بارے میں جب تک بحث نہ ہوتو اس چیز کی حقیقت کا معلوم ہونا مشکل ہے۔ لہٰذا یہ سوچا کہ تصوف کے بارے میں اور اس کی اصطلاحات کے بارے میں کچھ بحث ہوتا کہ اس کی معلومات سامنے ہوتو عمل کرنا اور مشق کرنا آسان ہو۔

تصوف کے لغوی معنی دھیان دینا اور ایک طرف چلنا کے ہیں لفظ تصوف کے اشتقاق میں مختلف اقوال ہیں بعض نے اس کو لفظ تصوف سے مشتق بتایا ہے۔ پس ''صوفی'' صوف پوش کو کہتے ہیں مگر نہ صرف صوف پوش بلکہ اہل تصوف کے ظاہری و باطنی آداب سے آراستہ ہونے کا نام تصوف ہے اور یہی قول بہتر معلوم ہوتا ہے۔ اور بعض لفظ تصوف کا مادہ صفّہ یا صفا یا صف قرار دیتے ہیں تو اب قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ ان کی طرف نسبت کرنے سے الفاظ صفی صفائی خاص ہوں نہ کہ صوفی۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ بزرگانِ دین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور امام غزالیؒ نے بھی اس لفظ کو صفا سے مشتق کیا ہے۔ اگر یہ اشتقاق صحیح مانا جائے تو بالضرور باب مفاعلہ کا صیغہ ماضی مجہول صُوْفِیَ قرار دینا پڑے گا جو کثرت استعمال سے یائے ساکن کے ساتھ پڑھا گیا اور یہ توجیہہ قابل اعتبار معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ اکثر بزرگانِ دین کے کلام میں اس کی تائید ہوتی ہے جیسا کہ یہ (شعر)

وَلَيْسَ يُشْهَرُ بِالصُّوْفِيِ غَيْرُ فَتًى
صَافَى فَصُوْفِىَ حَتّٰى سُمِّىَ الصُّوْفِى

ترجمہ: صوفی کے لقب سے ملقب نہیں ہوا مگر وہ نوجوان جو صاف ہو۔
پھر وہ صاف کیا گیا ہو حتیٰ کہ اس کا نام صوفی ہو گیا ہو۔

غنیۃ الطالبین میں لکھا ہے یعنی صُوفِیَ دراصل فُوعِلَ کا وزن ہے۔ اور مصافات سے مشتق ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ صوفی وہ شخص ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے صاف کرلیا ہو۔ یعنی جو شخص نفس کی آفتوں اور بُرائیوں سے صاف ہو اور نیک راہ پر چلے اور اس کا دِل بجز اللہ تعالیٰ کے کسی چیز پر آرام نہ پاوے۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں ''دل کو محض اللہ کے لیے علیحدہ کرنا اور اس کے ماسوا کو حقیر جاننے کا نام ہے اور وہ صفا سے مشتق ہے۔ کیونکہ دِلوں کو صاف کرتا ہے اور تصوف کے اصطلاحی معنی یہ ہیں کہ قرآن اور سنت کی روشنی میں ایسی زندگی بسر کرنا اور ایسے مشاغل اختیار کرنا اور تصورات تفکرات، ذکر وفکر، مجاہدات اور عبادات کا ایک ایسا لائحہ عمل اپنانا جس کے ذریعے تزکیۂ نفس، تصفیۂ قلب اور تجلیۂ روح حاصل ہو۔

حقیقتِ تصوف

حقیقت تصوف کو اولیاء اللہ نے مختلف انداز میں ارشاد فرمایا ہے چونکہ حقیقت تصوف کے بہت سے ارکان اور شرائط ہیں۔ اور آداب ولوازم ہیں کسی نے کسی جزِ واعظم کو مدِّ نظر رکھا اور اس کی تعریف بیان کی اور کسی نے اس کی شرائط کو اور کسی نے آداب ولوازم کو بطور تعریف لفظی کے ظاہر کردیا ہے۔ مگر تمام تعریفات پر جو مشائخ رحمۃ اللہ علیہم سے منقول ہیں غور کرنے سے بخوبی معلوم ہوسکتا ہے کہ مقصود سب کا واحد ہے جیسے ارشاد فرمایا کہ

اللہ تعالیٰ تجھے تیری ہستی سے فانی کردے اور اپنی ہستی سے تجھے زندہ کردے اور تجھے غیر اللہ سے قطع نظر کردے۔

اور ارشاد فرمایا کہ تصوف یہ ہے:

کہ اول اللہ تعالیٰ کے ساتھ زندہ ہوجائے اور اس کو بلا واسطہ قیام حاصل ہو۔

ان کے علاوہ اور بھی بہت سی تعریفیں لکھی گئی ہیں مگر طالبین کو حقیقتِ تصوف کے سمجھنے کے لئے یہ کافی ہے۔

پیدائش: حضرت مولانا غلام ربانیؒ کی پیدائش ایک اندازے کے مطابق ۱۹۱۳ء میں ہوئی جس کا اندازہ ہمیں ان کی بعض تصانیف سے ہوتا ہے جو کہ انہوں نے اپنے دستِ مبارک سے ۱۹۲۵ء میں تحریر کیں۔اس وقت ان کی عمر 11 یا 12 برس کی تھی۔ پیدائش ضلع بٹگرام کی تحصیل آلائی کے علاقہ تیلوس کے گاؤں کسی میں ہوئی۔

بچپن: بچپن میں ہی مادری اور پدری سایہ سر سے اُٹھ گیا۔قدرت کا قانون ہے کہ جس کسی سے مخلوق کی رہنمائی کا کام لیا جاتا ہے پہلے اس کو اپنی طرف (اللہ کی طرف) متوجہ کرنے کے لیے تمام ظاہری اسباب سے اس کے دھیان کو ہٹا دیا جاتا ہے اور اس کے ظاہری اسباب بتدریج ختم کر دیئے جاتے ہیں اور اس کو پورے طور پر اپنی طرف متوجہ کیا جاتا ہے اور پھر اس کو کاملین کا درجہ عطا کر کے مخلوق کو اللہ کی طرف متوجہ کرنے کا کام لیا جاتا ہے۔اور حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ بھی ایسا ہی معاملہ پیش آیا۔

حصولِ علم: جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ اپنی طرف آنے کے اسباب خود پیدا کرتا ہے۔ تو اس طرح کچھ عرصہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ گھر میں ہی رہے بھابھیوں کے ظلم وستم سے بھاگ کر دُور کسی گاؤں کی مسجد میں طالب علم کی حیثیت سے پہنچے اس زمانے میں آئمہ مساجد امامت کے ساتھ ساتھ درس وتدریس کا کام بھی سرانجام دیتے تھے۔حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی یہ خوش قسمتی تھی کہ پہلے روز ہی جس استاد سے واسطہ پڑا وہ مروّجہ علوم کے ساتھ ساتھ فارسی ادب، شعروشاعری، اور صاحب نظر بھی تھے۔ ملاقات میں صاحب نظر استاد نے شاگرد سے نام پوچھا۔شاگرد نے عرض کیا ''نوبت جان'' استادمحترم نے آنکھیں بند کر کے گردن جھکائی تھوڑی دیر سکوت فرما کر آنکھیں کھولیں اور فرمایا کہ بیٹا آج سے میرا نام غلام جیلانی ہوگا اور تمہارا نام غلام ربانی۔یاد رہے کہ استادمحترم کا نام مولانا احمد خان تھا۔

حضرت رحمہ اللہ بچپن ہی سے صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے اکثر خاموش رہتے اور کسی گہری سوچ میں مگن رہتے تھے ایک عرصہ تک مولانا غلام جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے زیرِسایہ تعلیم حاصل کرتے رہے۔

اس کے بعد استادِ محترم کے حکم پر ''کوکا دادا'' کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

دریائے سندھ کی پٹی کے ساتھ ساتھ جو گاؤں ہیں ان میں ایک ''دوڑ میرا'' نامی گاؤں بھی تھا۔علوم ظاہری اور علوم باطنی سے مالا مال ایک مشہور ہستی ''کوکا دادا'' رہائش پذیر تھے۔تفسیر،قرآن پاک تجوید و ترتیل و معنی میں ان کا کوئی ثانی نہ تھا۔حضرت رحمہ اللہ کو اپنے گھر میں رکھ کر اپنے بچوں سے زیادہ عزیز رکھا اور آپ رَحمہُ اللہ کی تعلیم و تربیت کرنے لگے۔

حصولِ علم کے دوران جب آپؒ کی عمر چودہ، پندرہ برس کی ہوئی تو راولپنڈی کے نزدیک گولڑہ شریف کے قریب ''صقبہ کنبال'' نامی گاؤں میں اس زمانے میں علم صرف و نحو کے ایک ماہر استاد تھے۔آپ رحمہ اللہ روزانہ ان کی خدمت میں حاضر ہوتے اور جا کر سبق پڑھتے۔راستے میں گولڑہ شریف پڑتا تھا۔ایک دن ایک پیر صاحب نے آپ سے فرمایا کہ طالب علم کل سے عرس شروع ہو رہا ہے تم تین روز میرے پاس قیام کرو اور یہ تعویذ لکھا کرو،انہوں نے مجھے تعویذ سکھایا۔

آپ نے فرمایا کہ میں دو روز تک تعویذ لکھتا رہا اور پیر صاحب لوگوں کو دیتے رہے۔تیسرے دن کے اختتام پر رات کو میں نے خواب دیکھا کہ میں ''صقبہ کنبال'' یعنی گاؤں کے ایک پتھر پر کھڑا ہوں کہ آسمان سے اسی پتھر پر برق (بجلی) گرتی ہے میں چھلانگ لگا کر دوسرے پتھر پر آجاتا ہوں لیکن ایک ریزۂ پتھر میرے دائیں پاؤں پر لگتا ہے میں خواب ہی میں دَرد سے چلاّ اُٹھتا ہوں۔جب میں نیند سے بیدار ہوا تو میں شدید درد میں مبتلا تھا۔میں گرتے گرتے پیر صاحب کے پاس پہنچا عرس ختم ہو چکا تھا لوگ واپس جا رہے تھے میں نے پیر صاحب سے عرض کیا حضرت میرا مقصد تو حصول علم تھا۔اگر میں علم حاصل نہ کر سکا تو کل قیامت میں میرے منہ سے یہ الفاظ سنتے ہی پیر صاحب کھڑے ہوئے اور فرمانے لگے شکایت کرو گے۔اور مجھے گلے لگا لیا اور کہا جاؤ۔میں پیر صاحب سے رخصت ہو کر تھوڑی ہی دور چلا تھا۔جس طرف بھی نگاہ کرتا تھا۔صرف و نحو کی عبارتیں دوڑ دوڑ کر میری طرف لپکتی تھیں۔لیکن یہ درد جو کہ پتھر لگنے سے ہوا تھا۔بدستور ہے۔اور یہ درد عرق النساء کا درد ہے۔

بیعت: چڑاور سوڑگی کے پہاڑی سنگم پر ایک بڑی چٹان کے نیچے ایک بڑا غار بنا ہوا تھا جو کہ قدرتی تھا۔آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنے ایک شاگرد غازی شاہ صاحبؒ کے ساتھ روزانہ یہاں قیام کرتے اور صبح تک عبادت و ریاضت میں مصروف رہتے۔ سات سال کے عرصہ تک آپ دونوں کا یہ معمول رہا۔آپ حضرات کی خواہش تھی کہ حضرت خواجہ خضر علیہ السلام سے ملاقات ہو اور رہنمائی ملے آپ کی یہ ریاضت بارگاہِ الٰہی میں قبول ہوئی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کو مرشد کامل خواجہ سید پوریؒ تک رسائی ہوئی۔

حضرت خواجہ صاحب شمس الدینؒ سے ملاقات حضرتؒ فرماتے تھے کہ مجھے بچپن ہی سے کشمیر کے نام سے محبت اور اپنائیت تھی۔ تلاشِ مرشد کے لیے جب بھی کسی بزرگ کے پاس جاتا تو وہ کہتے کہ تمہاری نسبت نقشبندوالوں کے پاس ہے اسی دوران گٹرنگ میں ایک دن عصر کے وقت گھر جارہا تھا کہ ایک زیرِتعمیر دیوار پر کام کرنے والے مستری کو لوگوں سے یہ کہتے ہوئے سنا کہ جلدی جلدی پتھر دو تاکہ دیوار آج ہی مکمل ہو جائے صبح میں نے کشمیر والے پیر صاحب سے ملنے جانا ہے۔ یہ جملہ سننا تھا کہ مجھ پر ایک عجیب سی کیفیت طاری ہوگئی میں نے مذکورہ بالا مستری سے پوچھا کہ پیر صاحب کہاں آئے ہوئے ہیں؟ اس نے جواب دیا کہ بیاری گاؤں میں لذت و مستی میں اپنے گھر۔ دوسرے دن جمعہ کے روز ہم چار آدمی بیاری گاؤں کی طرف عازمِ سفر ہوئے۔ یہ سخت سردی کے دن تھے میرے ہمراہیوں میں سکندر میاں، کاکا اور ایک مولوی صاحب تھے۔ راستے میں ایک چشمے پر سکندر میاں جو کہ بالکل اَن پڑھ تھے کہنے لگے کہ میں تو ازسرِنو مسلمان ہونے جارہا ہوں، بغیر غسل کے پیر صاحب کے پاس نہیں جاؤں گا۔ سکندر میاں نے غسل کیا اور میں نے وضو۔ یہ دس گیارہ بجے کا وقت تھا ہم بیاری کی مسجد میں پہنچے۔ حضرت خواجہ شمس الدینؒ ایک ستون کے ساتھ ٹیک لگائے تشریف فرما تھے سکندر میاں کی جیسے ہی خواجہ صاحب پر نظر پڑی اس کا قلب جاری ہو گیا۔ میں نے پیر صاحب سے بیعت کی درخواست کی خواجہ صاحبؒ نے بہت ہی شفقت کا اظہار فرمایا اور مجھے بیعت کر لیا لیکن اس روز ذکر کا احساس نہیں ہوا۔ دوسرے روز عصر کے وقت جیسے ہی میری نظر حضرت خواجہ صاحبؒ پر پڑی میرا قلب بمع لطائف کے جاری ہو گیا۔

خلافت کا عطا ہونا: حضرت خواجہ شمس الدینؒ نے آلائی کے دوسرے دورے میں جب وہ آلائی سے واپس تشریف لے جا رہے تھے۔ تو ایک دن پہلے حضرت مولانا غلام ربانیؒ نے گھر والوں سے کہا کہ تم مجھے تہجد سے پہلے اٹھا دینا اور ساتھ چائے کا بھی بندوبست کرنا۔ میں خواجہ صاحبؒ سے ملنے اور ان کو رخصت کرنے کے لیے صابری کنڈو جاؤں گا۔ اتفاق سے اس رات آنکھ دیر سے کھلی تو جلدی جلدی چائے کا سامان بمع برتن ماچس وغیرہ ایک چادر میں باندھ دیا اور حضرتؒ کو جگا کر فرمایا کہ جلدی کریں تہجد کا وقت گزر چکا ہے دیر ہو چکی ہے حضرتؒ غازی شاہ صاحب کو ساتھ لے کر دو یا اڑھائی گھنٹے میں پہنچ گئے ایک چٹان کی اوٹ میں بیٹھ کر غازی شاہ صاحب نے چائے بنائی اور حضرتؒ نماز پڑھنے لگے تھوڑی دیر میں حضرت خواجہ صاحبؒ کا قافلہ شدتِ سردی میں وہاں پہنچا۔ ان کے آرام کے لیے اور تھکاوٹ ختم کرنے کے لیے چائے تیار تھی قدرت کو آپ کی یہ ادا بہت پسند آئی کہ خواجہ صاحبؒ کے دل میں القا ہوا کہ آپ کو آنے والے وقت کے لیے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کی خلافت عطا کی جائے۔ چائے نوش فرمانے کے بعد خواجہ صاحبؒ نے آپؒ کو خلافت سے نوازنے کا اعلان کیا۔ اس وقت آلائی کے تمام خلفاء موجود تھے جن میں قطب حاجی صاحب، یحییٰ میاں صاحب، اسرار میاں صاحب وغیرہ وہ تمام حیران رہ گئے قطب حاجی صاحب نے خواجہ صاحبؒ سے عرض کیا کہ ابھی تو گٹرنگ کے مولوی صاحب (یعنی مولانا غلام ربانیؒ) کا سلوک طے نہیں ہوا۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے ارشاد فرمایا کہ جو مجھے دکھایا گیا ہے اور حکم ہوا ہے میں نے اس پر عمل کیا جو میں دیکھ رہا ہوں۔ اس سلسلے میں مخلوق خداوندی کا تعلق سب سے زیادہ گٹرنگ کے مولوی (یعنی مولانا غلام ربانیؒ) کے ساتھ ہے سب سے زیادہ لوگ ان سے فیض یاب ہوں گے۔

خلفاء کی تعداد: حضرت مولانا غلام ربانیؒ سے لوگ دور دراز کا سفر طے کر کے حاضر ہونے لگے اور آپ سے بیعت ہونے لگے آپؒ سے بیعت ہونے والے اور فیوض و برکات حاصل کرنے والے لوگوں کی تعداد روز بروز بڑھتی گئی اور لوگ سلوک کی منازل طے کر کے خلافت سے سرفراز ہونے لگے ایک اندازے کے مطابق حضرت مولانا غلام ربانیؒ کے خلفاء کی تعداد تقریباً 150 کے لگ بھگ ہے۔

بشارتیں

[۱] حضرت مولانا غلام ربانیؒ نے فرمایا کہ میں نے خواب دیکھا کہ میں تھا کوٹ کے نزدیک دریائے سندھ کے کنارے کھڑا ہوں اور درخت کے ایک بہت بڑے تنے کے ساتھ ہوں اور دوسری طرف شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کھڑے ہیں میں چھلانگ لگا کر ان کی طرف آتا ہوں اور ان سے لپٹ جاتا ہوں اور پھر انہوں نے اپنی زبان مبارک میرے منہ میں دی۔

[۲] حضرت مولانا غلام ربانیؒ نے فرمایا کہ بچپن میں جس وقت طالب علم تھا خواب میں دیکھا کہ میں ایک سفید برف کے ڈھیر پر بیٹھا ہوا ہوں۔ اور ساری زمین برف سے ڈھکی ہوئی ہے کیا دیکھتا ہوں کہ سامنے سے فخر موجودات، محبوبِ ربِ کائنات محمد ﷺ تشریف لا رہے ہیں۔ آپ ﷺ میری طرف تشریف لا رہے ہیں۔ میں ڈر خوف اور عقیدت کی وجہ سے دوزانو ہو کر جھک جاتا ہوں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا غلام ربانی کیا سجدہ کر رہے ہو؟ میں نے کہا نہیں آقا میں تو خوف و ڈر و عقیدت کی بنا پر سمٹ رہا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم اس راستے سے گھوم کر آؤ میں اس راستے سے وہاں پر آتا ہوں مجھے تم سے ضروری کام ہے۔

[۳] ایک مرتبہ مولانا غلام ربانیؒ نے فرمایا کہ میں نے بچپن تقریباً دس برس کی عمر میں قیام "دوڑ میرا" (ایک علاقہ کا نام ہے) میں نے ایک خواب دیکھا کہ مَیں "تھا کوٹ" کے مقام پر دریائے سندھ میں بہہ رہا ہوں۔ کنارے سے لکڑی کا ایک شہتیر میری طرف آتا ہے اس کو پکڑ لیتا ہوں اور کنارے لگ جاتا ہوں دیکھتا ہوں کہ حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کھڑی ہیں۔ اور آپ نے اپنی اوڑھنی مجھ پر ڈال دی۔

وفات: حضرت مولانا غلام ربانیؒ کی وفات ۴ مئی ۱۹۹۷ء کو پولی کلینک اسلام آباد میں ہوئی۔ نمازِ جنازہ لال مسجد اسلام آباد میں ادا کی گئی اور بعد ازاں حضرتؒ کے جسد مبارک کو ان کے گاؤں کان بفہ بٹہ موڑی لے جایا گیا جہاں پر نمازِ جنازہ صاحب زادہ مظفر الدین صاحب نے ادا فرمائی جو کہ خواجہ شمس الدینؒ کے صاحبزادہ ہیں۔ حضرتؒ کی قبر مبارک اسی گاؤں کان بفہ میں ہے۔

تصانیف: حضرت مولانا غلام ربانیؒ کا کلام اردو، فارسی اور پشتو زبانوں میں بڑی کثرت سے ہے۔ آپؒ کی تصانیف میں [۱] اسم ذات [۲] اسم ذات اقدس [۳] صبغۃ اللہ [۴] تمناج [۵] شرح قصیدہ امالی [۶] انفاسِ معرفت [۷] حقائق الحسنیٰ، شرح السماء الحسنیٰ [۸] رموز تصوف [۹] انوارِ توحید [۱۰] نماز مترجم افغانی [۱۱] گوھرج [۱۲] سوز و ساز [۱۳] پروازِ خیال [۱۴] کلیاتِ ربانی پشتو [۱۵] مکتوبات غلامؒ ہیں۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سارا کلام موجود ہے۔ جو کہ ابھی کتابی شکل میں جمع نہیں ہوا ہے۔

معرفت الٰہی تمام عبادات روحانی وجسمانی کی انتہائی منزل ہوتی ہے۔ اس منزل تک پہنچنے کے لیے راستہ عشق ہے۔ کہ اس عشق کی وجہ سے انسان حب الٰہی کو اپنا مقصود بنالیتا ہے اور بقائے الٰہی ورضاء الٰہی کو اپنا مطلوب۔ طالب کی جستجو جب ایک حد سے بڑھ جاتی ہے تو کلام کی شکل میں دل کی زبان سے منہ کے راستے جلوہ گر ہوتی ہے۔ اور گفتار کی شکل میں مثلِ سورۃ رحمٰن ظہور پذیر ہوتی ہے۔ کتاب حقائق الحسنیٰ شرح اسماء الحسنیٰ حضرت باباجی مولانا غلام ربانی صاحب کی وہ صدائے دل ہے کہ جس کو صرف اہل دل ہی سُن اور سمجھ سکتے ہیں۔ دریائے معرفت کو کوزے میں بند کر کے ہر خاص وعام کو پیاس بجھانے کی دعوت ہے میری دلی تمنا تھی کہ اس کتاب کو جو فارسی اشعار میں تھی، اردو ترجمہ کر کے طالبان سلوک وابستگان سلوک کے سامنے رکھا جائے۔ اس کے لیے کئی مرتبہ کوشش کی۔ لیکن یہ صرف اور صرف ذکر الٰہی کی برکت اور قبلہ باباجی مولانا غلام ربانیؒ کی کرامت تھی کہ حلقہ گوجرانوالہ کے ساتھیوں نے ہمت کی اور مولانا عبیدالرحمٰن صاحب کی صورت میں مجھے مثل حق جو ساتھی ملے۔ مولانا کی علمیت، محنت، محبت، اخلاص اور کاوشوں کا صلہ ہے کہ اس کتاب کا ترجمہ اور چھپائی آپ کے ہاتھ میں ہے۔ میں جناب وسیم صاحب، جناب حافظ معظم میر صاحب، ظہیر صاحب ودیگر تمام ذاکرین حلقہ گوجرانوالہ کا ممنون ہوں اور دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل وکرم سے اپنی محبت ہم سب ساتھیوں کو نوازے۔ (آمین)

میں ان ساتھیوں کے لیے دعا گو ہوں اور کتاب پڑھنے والے ہر ایک سے ملتمس ہوں کہ ہمارے پیارے دوست محمد ارشد (مرحوم)، مولانا نعیم اللہ (مرحوم) کامونکی والے اور قاری افتخار احمد (مرحوم) کے لیے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے دعا فرمائیں۔ انہیں حضرات کی بے لوث کوششوں واخلاص سے بھرپور محنت کا نتیجہ ہے کہ حلقہ گوجرانوالہ کے تمام ساتھی ذاکرین سلسلہ سے محبت اور عقیدت سے جڑے ہوئے ہیں اور وسیم صاحب کی سرپرستی میں یہ حلقہ دِن دُگنی اور رات چوگنی ترقی کر رہا ہے۔

خاکپائے اولیاء نقشبند

ابوذر غفاری (لاہور)

تقریظ

حضرت مولانا ابوالرشاد دربی ہدکلیؒ

کتاب مسمّٰی بہ حقائقِ حسنٰی ترجمہ اسماء حسنٰی کہ از نتائج افکارِ صوفیٔ صافی و عارفِ وافی ہست بنظرِ بادی مطالعہ کردم از رموزِ لدُنیہ وآثارِ غیبیہ ونکاتِ صوفیہ ومعارفِ شافیہ خزانۂ معرفت وچشمۂ وحدت یافتم۔

حضرت مولانا ابوالرشاد دُربی ہدکلی ۶ شوال ۱۳۷۶ھ

یہ کتاب جو حقائق حسنٰی کے نام سے ہے جو اسماء حسنٰی کا (فارسی) ترجمہ ہے۔ کہ عارف وافی اور صوفیٔ صافی کے افکار کے نتائج میں سے ہے۔ میں نے ظاہری طور پر اس کا مطالعہ کیا تو میں نے اس کتاب میں وحدانیت کے چشمے اور معرفت کے خزانے اور معارفِ شافیہ اور نکاتِ صوفیہ اور آثارِ غیبیہ اور رموزِ لدنیہ پائے ہیں۔

مولانا ابوالرشادؒ

دربی ہدکلی

۶ شوال ۱۳۷۶ھ

تقریظ

باسمہ تعالیٰ

حضرت مولانا مفتی حمید اللہ جان صاحب

رئیس دار الافتاء والارشاد جامعۃ الحمید

نحمده و نصلّی علی رسوله الکریم ط

حضرت مولانا غلام ربانی صاحب نقشبندی کی کتاب ''حقائق حسنیٰ شرح اسماء حسنیٰ''، جس کا اردو زبان میں مولانا عبید الرحمٰن صاحب مدرس مدرسہ عربیہ رائیونڈ نے ترجمہ کر کے امت مسلمہ کیلئے آسان اور محصل الفہم بنانے کی کوشش کی۔ اللہ کریم ان کی اس محنت کو قبول فرما کر ذریعہ ترقی دارین بنا دے۔ آمین ثم آمین۔

واضح رہے کہ یہ مختلف عملیات پر مشتمل ہے لہٰذا غلط اور ناجائز مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ہرگز اجازت نہیں۔

واللہ اعلم

بندہ حمید اللہ عفی عنہ

شیخ الحدیث والتفسیر رئیس الشریعہ اکادمی، خطیب مرکزی جامع مسجد شیرانوالہ باغ علامہ زاھد الراشدی صاحب دامت برکاتہم

نحمده تبارك وتعالٰى ونصلى ونُسلّمُ على رسوله الكريم
و علٰى اله واصحابه واتباعه اجمعين

اما بعد!

حضرت مولانا غلام ربانی صاحبؒ بٹگرام ہزارہ کے بزرگ علماء کرام اور عارف باللہ صوفیاء عظام میں سے تھے ان سے ہزاروں لوگوں نے فیض حاصل کیا اور پورا علاقہ ان کی برکات سے مستفید ہوتا رہا، ان کی متعدد تصانیف میں ایک فارسی رسالہ اللہ رب العزت کے اسماء الحسنٰی کی عارفانہ تشریح میں ہے جو ان کے ذوق کی بلندی کا آئینہ دار ہے۔ ہمارے فاضل دوست مولانا عبید الرحمٰن صاحب نے اس کا اُردو میں ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل کی ہے جو اس کار خیر میں شرکت ہے ہماری دعا ہے کہ اللہ رب العزت اس کاوش کو قبول فرمائیں اور حضرتؒ کے فیض کو زیادہ سے زیادہ عام کرنے کا ذریعہ بنائیں۔ آمین یارب العالمین

ابو عمار زاھد الراشدی
(خطیب مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ)
(۲ جولائی ۲۰۱۲)

تقریظ

حضرت مولانا شیخ الحدیث

محمد یٰسین صابر صاحب دامت برکاتہم

مدرسہ جامعہ عمر بن خطاب ملتان

واضح ہو کہ مدرسہ عربیہ رائیونڈ کے ایک فاضل نوجوان استاذ صاحب نے حقائق حسنی شرح اسماء حسنیٰ کتاب دیکھائی جو کہ اصل فارسی زبان میں تھی جس کے مصنف حضرت مولانا غلام ربانی صاحبؒ ہیں جو کہ ضلع بٹگرام تحصیل آلائی کے ہیں کتاب کو دیکھ کر میں بڑا حیران ہوا۔ تفصیلی دیکھنا میسر نہیں آیا لیکن اجمالی طور پر دیکھنے سے اندازہ ہوا کہ مصنفؒ موصوف صوفی مشرب ہیں۔ اور حقائق کے آگاہ انسان ہیں مصنف مذکور کی اس کتاب کا اردو میں عزیزم مولانا عبید الرحمٰن نے ترجمہ کیا۔ اور ترجے کا انداز صاف ستھرا نظر آیا میری تو عادت ہے کہ میں تو علمی کام کرنے والے علماء کرام کی حوصلہ افزائی کیا کرتا ہوں۔ مزید برآں میں مبارکباد دیتا ہوں اور دعا بھی کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس تصنیف اور ترجمہ کو قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

بندہ مسکین محمد یٰسین صابر

(۲۳ جون بروز پیر ۲۰۱۲)

تقریظ

حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب دامت برکاتہم
امام الصرف والنحو والتفسیر جامعہ مدنیہ جدید
(امیر تحفظ ختم نبوت عالمی ضلع لاہور)

نحمده و نصلّی علی رسوله الکریم اما بعد!

اللہ رب ذوالجلال نے اپنے بندوں کو اپنی بے شمار نعمتوں سے مالا مال کر رکھا ہے جیسا کہ ارشاد ربانی ہے: وان تعد وا نعمة الله لا تحصوها۔ اللہ تعالیٰ کی اَن گنت اور بے شمار نعمتوں میں سے ایک بہت بڑی نعمت اس پُرفتن دور میں کسی اللہ والے کا سایہ اوران کی نیک صحبت کا میسر ہو جانا ہے ایک بھائی کہنے لگے کہ اللہ والوں کی صحبت سے کیا ملتا ہے پھر خود ہی فرمانے لگے کہ اللہ والوں کی صحبت میں صرف اللہ ہی ملتا ہے۔ دو جہانوں کی سلطنت اللہ والوں کے قدموں میں نصیب ہوتی ہے نیت کا رُخ اللہ والوں کے قدموں میں سیدھا ہوتا ہے۔ دل کی بہت سی بیماریوں کی دوا اللہ والوں کے قدموں میں ملتی ہے مثلاً میرے شیخ جامعہ اشرفیہ کے شیخ الحدیث حضرت مولانا صوفی سرور صاحب دامت برکاتہم سے ایک صاحب پوچھ رہے تھے کہ میں جب بھی کوئی نیک کام شروع کرتا ہوں تو شروع میں نیت اچھی ہوتی ہے بعد میں ریا اور دکھلاوے کا خیال آجاتا ہے میں کیا کروں؟ حضرت فرمانے لگے جب بھی کوئی نیک عمل شروع کرنے لگیں مثلاً وعظ نصیحت یا پڑھنے پڑھانے لگیں یا صدقہ خیرات کرنے لگیں ایک مرتبہ اپنے دل میں دھیان دے کے یہ نیت کرلیں کہ یا اللہ یہ عمل تجھے خوش کرنے کیلئے کر رہا ہوں پھر ہزار بار غیر کا خیال آئے یہ ریا نہیں بلکہ وسوسہ ریا ہے۔ ریا کا تعلق قصد اور ارادے سے ہوتا ہے محض خیال آنے سے ریا نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ کی ایسی ہی نیک مقبول ہستیوں میں سے ایک نیک ہستی سلسلہ نقشبندیہ کے عظیم روحانی بزرگ حضرت مولانا غلام ربانیؒ صاحب کی تھی جن کی نیک صحبت سے خلقِ خدا کا ایک بہت بڑا طبقہ فیض یاب ہوا۔ اور بہت سی کتابیں بھی تصنیف کی۔ ان میں سے ایک کتاب حقائق حسنیٰ فی شرح اسماء حسنیٰ تصنیف فرمائی جس کا ترجمہ بہت ہی عمدہ انداز سے ہمارے عظیم مرکز مدرسہ عربیہ رائیونڈ کے نیک مخلص مدرس مولانا عبیدالرحمٰن صاحب زید مجدھم نے کیا۔ اللہ پاک کی بارگاہ میں التجاء ہے کہ ہمارے ان تمام اکابرین کی نیک کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں مقبول فرمائے۔ اور اپنی رضا اور خوشنودی کے حصول کا ذریعہ بنائے۔ آمین ثم آمین۔

عرضِ مترجم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ o وَمَنَّ اللّٰہُ عَلَیْنَا اَنْ اَخْرَجَنَا مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ، وَجَنَّبَنَا الطَّاغُوْتَ وَالْکُفُوْرَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَی الرَّسُوْلِ، وَعَلٰی اٰلِہِ الْوُفُوْرِ وَعَلٰی اَزْوَاجِہِ الطُّھُوْرِ

کتاب ہذا جو معرفت کے خزانے اپنے اندر چھپائے ہوئے ہے جب میں نے اس کا ترجمہ شروع کیا تو میرا ان تمام چیزوں کی طرف ادراک کم تھا۔ جب ترجمہ کرتا گیا تو یہ چیزیں زیادہ واضح ہوتیں گئیں تو گویا یہ محسوس ہونے لگا کہ تحت الثریٰ سے عالم امر تک تمام اشیاء میں اللہ کی صفات کیسے کارگر ہوتیں ہیں کیونکہ اس کتاب کا مقصد اللہ کی ذات واسماء وصفات اور افعال تکوینیہ کی پہچان کروانا ہے۔ تو گویا مصنفؒ کے بارے میں مجھے یہ محسوس ہونے لگا کہ حضرت باباجی مولانا غلام ربانی صاحبؒ کی روح عرش پر ہو اور وہ اپنی روح کی آنکھ سے نیچے تمام عالم کو تحت الثریٰ تک دیکھ کر اس کتاب کے نکات لکھ رہے ہوں۔ مزید برآں اس کتاب میں نکاتِ صوفیہ اور آثارِ غیبیہ اور معارفِ شافیہ اور منبعِ وحدانیت بھی موجود ہیں۔ جو طالبانِ سلوک کیلئے نافع ہیں۔ لہٰذا میری گزارش ہر عام اور خاص کیلئے ہے کہ اس کتاب کو کم از کم بالاستعاب تین دفعہ پڑھیں۔ باقی یہ بات تو مشہور ہے کہ مَنْ صَنَّفَ قَدِاسْتُھْدِفَ یعنی جس نے تصنیف کی وہ اعتراض کا نشانہ بنا۔ لہٰذا انسان کمزور اور خطاکار ہے۔ اگر ترجمے میں کچھ کمی ہوگئی ہو تو موجودہ پتے پر اطلاع دی جائے اور بعض اس کی عبارتہائے مہمّات کو حضرت باباجیؒ کے باقیہ کلام کا مطالعہ کر کے حل کیا ہے۔ آسانی کے لیے تشریحی الفاظ نیچے درج کئے ہیں تاکہ سمجھنا آسان ہو۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ اس کو قبول فرما کر پورے عالم میں دین کے زندہ ہونے کا ذریعہ بنائے اور مزید التجاء کرتا ہوں۔

التجاء

قبول کن زمن شہا از طفیل حُسنیٰ — عفو کن تقصیر ہائے من در صفاتِ حسنیٰ

اے بادشاہ پاک حسنیٰ کے طفیل مجھ سے یہ محنت قبول فرما — صفاتِ حسنیٰ میں مجھ سے جو غلطیاں ہوئیں اسکو معاف فرما

مہماتِ دنیا و عقبیٰ بہ حسنیٰ آسان دار — تا مردن برائے علم و جہدِ نبوت مرا مقبول دار

دنیا اور آخرت کی مشکلات کو پاک حسنیٰ کے ذریعے آسان فرما — موت تک علم اور جہدِ نبوت کیلئے مجھے قبول فرما

بدیں برکاتِ پاک اسماء و صفات — معاف دار خطاہائے اُمتِ مسلمہ و سیئات

اس پاک اسماء و صفات کی برکات کے سبب — تمام امتِ مسلمہ کے چھوٹے بڑے گناہوں کو معاف فرما

از برکت اسمِ ذات خاتمہ عُبید را — ختم حیاتِ اُو کن بر توحید راہ

اسم ذات کی برکت سے چھوٹے سے بندے کا خاتمہ — توحید کی راہ پر اس کی زندگی ختم فرما

در ہنگامِ نزع بر زبانم کلمے باد — و اُو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ باد

نزع کے وقت میں میری زبان پہ ایک کلمہ ہو — اور وہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ہو

دامنم بگیرید شافعاً در روزِ محشر — شفاعت فرمائید بندۂ بے نوا را در روزِ محشر

اے شافعی (ﷺ) روزِ محشر کے دن میرا دامن تھام لیجئے — اس بے سروسامان بندے کی قیامت کے دن شفاعت فرمائیے

بندہ عبید الرحمٰن عفی عنہ

انتساب

میں اپنی اس کاوش کو حضرت خواجہ شمس الدین سید پوریؒ اور ان کے تمام خلفاء و مریدین کے نام کرتا ہوں یہ حضرت خواجہ شمس الدینؒ کا فیضان نظر تھا کہ قبلہ والد صاحب حضرت مولانا غلام ربانیؒ کے سینہ مبارک میں علم و عرفان کا ایک سمندر موج زن تھا۔ جس کے چند جلوے مختلف تصانیف کی صورت میں طالبان سلوک کو سیراب کر رہے ہیں۔

بندہ **ابوذر غفاری**

اے خدا شایانِ حمد اُشانِ تو

اے خدا تو ہی تمام تعریفوں کے لائق ہے

اے ھُدا شایانِ رشد اُشان تو

اے ہدایت دینے والے ہدایت دینا تیرے ہی لائق ہے

مالکا ہر دو سرا مملوکِ تو

اے مالک دونوں جہاں تیری ہی مِلک میں ہیں

خالقا ہر دو جہاں مخلوقِ تو

اے خالق دونوں جہاں تیری ہی مخلوق ہیں

واحدا انباز در کارِ تو نیست

اے تن تنہا رب تیرے کام میں کوئی شریک نہیں ہے

یا علیؑ ہمراز در کارِ تو نیست

اے بلند و بالا رب تیرے کام میں کوئی راز دان نہیں ہے

از فراوانِ کرم توئی کریم

مہربانی کی زیادتی سے تو ہی مہربان ہے

از عدم در وجودِ آوردۂ خلق عظیم

عدم سے وجود میں عظیم مخلوق کو تو ہی لایا ہے

صاحبِ دولت محمدؐ مصطفیٰ

مرتبے والے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں

مخزن وحدت محمدؐ مجتبیٰ

وحدانیت کے غم خوار محمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں

مظہرِ وحدت رسول مقتدیٰ

وحدانیت کا مظہر رسول مقتدیٰ ہیں

مادۂ کثرت نبی خیر الوریٰ

تمام اشیاء کی اصل نبی خیر الوریٰ ہیں

ابتدائے مبتدی نامِ خدا

ہر ابتداء کرنیوالے کی ابتداء خدا کے نام سے ہے

انتہائے منتہیٰ نامِ خدا

ہر انتہا کرنیوالے کی انتہا خدا کے نام سے ہے

دولتِ رحمٰن نوید مبتدی

رحمان کی دولت شروع کرنیوالے کیلئے خوشخبری ہے

رحمت الرحیم اُمید منتہی

رحیم کی رحمت انتہا کرنے والے کی اُمید ہے

ابتدائے مبتدی رحمت بود

شروع کرنے والے کی ابتداء رحمت ہے

انتہائے منتہی رحمت بود

اختتام کرنے والے کی انتہا رحمت ہے

جوش رحمت ابتدائے[1] ماوراء

رحمت کا جوش مخلوق کی ابتداء ہے

کوش رحمت انتہائے ماوراء

رحمت کی کوشش (مقصود) مخلوق کی انتہا ہے

رحم رحمٰن ہست یعنی مظہرش

رحمٰن کا رحم اس کا مظہر ہے

اول و آخر وجودِ ماورش

اسکے ماورا کا وجود اول اور آخر ہے

---

[1] حقیقت احمدیؐ

خطاب نفس خودرا

اے پریشاں بے وفا رفتی کجا — از لقائے دلبراں ماندی چرا

اے پریشان بے وفا تو کہاں چلا گیا — تو محبوّں کی ملاقات سے کیوں پیچھے رہ گیا

از پریشانی چہ آوردہ ای بدست — جز خیالُ وہم نہ آید ہیچ دست

پریشانی سے تو کیا ہاتھ میں لایا ہے اے دل — وہم وخیال کے علاوہ کچھ ہاتھ نہیں آتا اے دل

دیدۂ دل بر جمال یار باد — ہر زمان و ہر ساعت بیدار باد

دل کی آنکھ یار کے حسن پر ہو — تیرا ہر وقت اور ہر گھڑی بیدار ہو

از لقائی یار جانم در سرور — از امیدِ وصل جانم در حضور

یار کی ملاقات سے میری جان خوشی میں ہوتی ہے — وصل کی اُمید سے میری جان حضور میں رہتی ہے

کن بیانِ وحدت وکثرت عیاں — تا شود بر فہمِ ما ظاہر نشاں

اے اللہ تو کثرت و وحدت ظاہر کر دے — تا کہ ہمارے فہم پر کوئی نشانی ظاہر ہو

جزو اول ایمان لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

دو طرف دارد در چشمت گلے — یک طرف در ما دیگر گلبنے

تیری آنکھ میں پھول دو طرفیں رکھتا ہے — ایک طرف ہم میں ہے دوسری طرف پھول کی شاخ میں ہے

کیفِ گل بے کیف در گلبن بدہ — وحدت وکثرت در ایں مضمن شدہ

پھول کی کیفیت بلا کیف ہے شاخ میں — ذات اور مخلوق اسی میں پوشیدہ ہے

رنگ و بوز آثار ہائے گلشن ست — دولتِ گل از نثار گلبن ست

رنگ اور بو باغ کی نشانیوں میں سے ہے — پھول کا وجود جڑ کی قربانی کا نتیجہ ہے

آں یکے خارے کہ در پائے گل ہست
وہ ایک کانٹا جو کہ پھول کے پاؤں میں ہے

قدرتِ گلبن بر آزار گلبن ہست
شاخ کی طاقت جڑ کی تکلیف پر

چند روزے زینت گل باغ را
باغ کیلئے پھول کی زینت چند دن ہے

زیورے پوشیدہ باغ وراغ را
کچھ زیور باغ اور سبزہ زار کیلئے چھپے ہوئے ہیں

افتادہ برگِ گل رسوا شدہ
آخر پھول کی پتی گرنے سے ضائع ہو گئی

گل بن بر جائے خود بر پا شدہ
شاخ اپنی جگہ پر قائم ہو گئی

یک طرف قائم دیگر نابود شد
ایک سمت قائم ہو گئی دوسری ختم ہو گئی

بودِ گل از جودِ گلبن بود شد
پھول کی ہستی شاخ کی سخاوت سے ہے

ایں طرف وزدی طرف خلقی بود
یہ بات اس میں پیدائشی ہے

شاخِ گلبن چوں طرف امرے بود
شاخ کی شاخ بھی اسی حکم کی طرح ہے

والیٔ قدرت شہادت مِلکِ اُو
قدرت کا مالک اپنی مِلک کا گواہ ہے

قبضۂ ہر ماوراء در مِلکِ اُو
ماورا کا قبضہ اسی کی مِلک میں ہے

مظہرِ خالق وجودِ کثرت ست
مخلوق کا وجود خالق کا مظہر ہے

کثرت اندر وحدتِ اوقدرت ست
اللہ تعالیٰ کی ذات مخلوق میں قادر ہے

تشریح: پہلے اشعار میں یہ بات سمجھائی ہے۔ جو تیرے دل میں ایک پھول ہے۔ وہ دو طرف جھکا ہوا ہے یعنی ایک طرف لا الٰہ اور دوسری طرف الا اللہ۔ جب تک اظہار نہیں تو بلا کیف ہے۔ اور ذات اور مخلوق لا الٰہ الا اللہ میں پوشیدہ ہے یعنی لا الٰہ یعنی کوئی الٰہ نہیں۔ معنوی طور پر مخلوق کی طرف اشارہ ہے۔ الا اللہ میں خالق تو پوشیدہ ہے۔ اب باغ کی زینت اور نشانی تو رنگ اور بو ہے۔ لیکن پھول یعنی اعمال کا وجود لا اللہ سے ہے۔ پھول کی پتی تو گر سکتی ہے۔ اعمال تو کمزور پڑ سکتے ہیں لیکن ایمان یعنی لا الٰہ کمزور نہیں پڑ سکتا ہے۔

تشریح: اللہ ہر چیز کا مالک ہے۔ اور وہ خود اس پر گواہ ہے اور مخلوق پر قابض ہے۔ اور قادر ہے۔ اور مخلوق اللہ کا مظہر ہے۔ یعنی اللہ کا تعارف اس مخلوق سے ہو رہا ہے۔

مُحَمَّد رَسُوْلُ اللّٰه

نامِ تو مسکر چوں صہبائے عنب
تیرا پاک نام انگور کی شراب سے زیادہ مزے دار ہے
شوق تو ساطور جانِ من برید
تیری محبت وہ چاقو ہے جس نے میری جان کو کاٹ دیا
الصلوٰۃ اے مظہرِ ربُّ الھدے
اے رب الھدیٰ کے مظہر آپ پر درود ہو
جلوۂ عبدیت از شانِ شما
بندگی کا ظہور آپ کی شان سے ہے
بر رُخِ زیبا و جانِ انبیاء
انبیاء کی خوبصورتی اور جان پر رحم فرما
بر درت استادہ ام روئے سیاہ
تیرے دروازے پر سیاہ چہرے کے ساتھ کھڑا ہوں
خواہ از مولے غلام پُر خطا
خطا وار غلام کے مولا سے یا نبی

السلام اے شاہ سلمانی عرب
اے عرب کے بادشاہ آپ پر سلام ہو
الصلوٰۃ اے مظہرِ حمدِ مجید
اے واجب الوجود ذات کی ثنا خوانی کے مظہر آپ پر درود ہو
اول اعلانِ تو از ربِ العلےٰ
آپکا سب سے پہلا اعلان بلند مرتبہ رب کی طرف سے ہے
قائل اول تو در قالوا بلےٰ
اَلَسْتُ کے دن سب سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلیٰ کہا
رحم فرما بر غریب بے نوا
بے ساز و سامان غریب پر رحم فرما
رُو سیاہ و رُو تباہم از گناہ
میرا چہرہ سیاہ ہے اور میں گناہوں کی وجہ سے تباہ ہوں
روزِ محشر یا نبی خیر الوریٰ
خیر الوریٰ قیامت کے دن شفارش طلب کیجئے

افغانی قبض حال

سر سبزہ شوے زما دزرہ نوا طٔ
میرا دل سر سبز و شاداب ہو گیا
خزینہ دَ معارفو لوے دفتر شوے
میرا دل معرفت الٰہی کا دفتر بن گیا

تر سدرہ شوے رسیدہ در انبساطٔ
یہاں تک کہ سدرۃُ المنتہیٰ تک بلند ہوگیا
داز ما دَ زرہ وارہ وارہ نقاط
یعنی میرے دل کے چھوٹے چھوٹے نقطے بھی معرفِ الٰہی کے دفتر بن گئے

ا۔ ظاہر ہونے کی جگہ

خوشنودی اُوخورسندی پہ فضل بُو یہ
بے لہ فضلہ دَغریب نہ وی نشاط

انبساط اور انعام اس کے فضل سے ہے
اللہ کے فضل کے علاوہ بیچارہ غریب انسان کیا کرسکتا ہے

محافل دَ معارفو لذت کاندے
سامعہ وی جامعہ نہ پہ اسطاط

عارف لوگوں کی محفلوں میں لذت ہوتی ہے
سننے کے قابل اور جامع ہوتی ہے نہ کے لکھنے میں

جان فشاں یاران ضرور کبن پہ کاریکی
ذوالوجھین دَغلام مشہ اختلاط

بہادر دوست مصیبت کے وقت کام آتے ہیں
اے لڑکے شرّ الناس کے ساتھ اختلاط مت کر

توحید

راہ مرا بنمو درا ہم را باز دِلنواز
شد دلیلِ نام وصلت راہ ساز

اے خدا مجھ کو راہ دکھا اور میری راہ کیلئے دلنواز عطا کر
تیرے وصل کا نام مجھے راہ دکھانے والا بن گیا

زود خواہم تا رسم در کوئے دوست
چوں نشاں راہ من شد نام دوست

دوست کے پاس جلدی پہنچنا چاہتا ہوں
کہ دوست کا نام میرے راستے کے نشان کی طرح ہے

بر سبیل سیر حال نامِ پاک رَو
تا رسی در کوئے یار پاک رَو

پاک ذات کے نام کے حال کے راستے پر چل
تاکہ پاک ذات کے یار کے محلے میں پہنچے

بعد از تکرار نامِ کردگار
مے رسی بر منزلت چوں شہسوار

اللہ کے نام کا ذکر کرنے کے بعد
تو اپنی منزل پر شہسوار کی طرح پہنچ جائے گا

پس شبا روزاں رَوا رَو در رواں
تا رسی در منزلِ آں لامکاں

تو دن اور رات مسلسل چلتا رہ
تاکہ لامکاں ذات کی منزل پر پہنچ جائے

لامکانے از مکاں آید بدست
باز گردد سالکش مست[1] الست

ذات (اللہ) مخلوق سے حاصل ہوتی ہے
اس راستے پر چل کر مست ہونیوالا الست کے دن واپس آتا ہے

---

1 انسان کی حالت ختم ہو کر بے خودی کی حالت ہو جائے اس کو مست کہتے ہیں۔

الخالق

این مکاں شد مظہر آں لامکاں
یہ دنیا اس پاک ذات کا مظہر ہے

لامکاں را از مکاں باشد نشاں
ذات کی ممکنات (خلق) سے نشاندہی ہوتی ہے

این مکاں دادہ[1] نشاں از لامکاں
یہ دنیا ذات کی طرف سے نشان دی گئی ہے

لامکاں جلوہ ست ہم اندر مکاں
اس لیے کہ ذات دنیا میں جلوہ افروز ہے

این مکان از لامکاں جلوہ شدہ
یہ دنیا ذات پاک سے جلوہ افروز ہے

چوں نگاہ دلبراں عشوہ شدہ
محبوبوں کی نگاہ کی طرح گوشۂ چشم ہوئی ہے

این مکیناں را دو رُخ در این مکاں
اس مکاں میں لوگوں کے دو چہرے ہیں

یک سوی اِمکاں دگر در لامکاں
ایک چہرے کا رخ اس دنیا کیطرف اور دوسرا ذات کیطرف ہے

این طرف را خلق گو مخلوق ہست
اس طرف کو مخلوق کہتے ہیں

آں طرف امرے ست لامخلوق ست
اُس طرف (عالم امر) کو لامخلوق کہتے ہیں

این تنم محتاج تا راہ بر شدہ
یہ میری جان راہ نما کی محتاج ہے

راہبر بر اہم مرا رہ بر شدہ
میری راہ کا راہنما میرے لئے راہبر ہوا

گرچہ دریا بے کراں باشد عمیق
اگرچہ دریا بے انتہاء گہرا ہو

اسوۂ راہبر ہدایت شد رفیق
ہدایت کے راہبر کا نمونہ دوست ہوا

مثل ریگستاں بر او دارم گذر
میں اس پر ریگستان کی مثل گزر رکھتا ہوں

واللہ اعلم بحالِ خیر و شر
اللہ ہی اس کا خیر اور شر جانتا ہے

از خدا خواہم صراط مستقیم
میں اللہ سے صراط مستقیم کا سوال کرتا ہوں

فاستقم بشنو اگر باشی فہیم
تُو استقامت کی آیت سن اگر سمجھ دار ہے

بندگی در کوشش تا مولا شوی
اللہ کی بندگی اختیار کرنیکی کوشش کرتا کہ تو عزت والا ہو جائے

فقر و عجز آموز تا اعلےٰ شوی
فقر و عاجزی سیکھ لے تا کہ بلند مرتبہ ہو جائے

حالِ احوالت حوالہ اے غلام
اے غلام اپنے احوال کو اس ذات کے حوالے کر دے

خاص بر حول قولی رب السلام
میرے قول اور حال پر ربُّ السلام مخصوص ہے

[1] کسی شئی کو دوسری شئی کے ساتھ نشان دینا۔

گل فروزی[1] از فروغِ گلبن ست
چشم[2] دوزی نا فروغِ گلخن ست

گلاب کے پھول کی روشنی گلاب کے پھول کے درخت کی ٹہنی سے ہے
غفلت ڈھیر کی گندگی ہے

گرچہ پائے گلبنِ[4] اندر گلخنِ[5] ست
شاخ در شاخ است و گل در گلشن است

اگرچہ گلاب کے پودے کی جڑ گندگی کے ڈھیر میں ہے
لیکن طرح طرح کے پھول باغ میں ہیں

گلخنِ ناسوت پروردہ ترا
گلشن لاہوت[10] رنگ دادہ ترا

معیشتِ دنیا تیری پالی ہوئی ہے
لاہوت کے باغ کو تو نے رنگ دیا ہے

بے[7] مثالش دادہ تمثیلے[8] وجود[9]
لامکانش دادہ امکانے وجود

وہ بے مثل کے جس نے ہر چیز کو شکل دی ہے
وہ لامکان ہے جس نے دنیا کو وجود دیا ہے

ایں مکاں شکر یہ تمکینِ خود
بر دوامِ شکر کن تسکینِ خود

اس دنیا میں احسان تسلیم کرنا اپنی تمکیں ہے
تو اپنی تسکین کو شکر کی ہمیشگی پر کر

دل بذکر اللہ مے گیرد آرام
الا بذکر اللہ شنو اندر کلام

دل اللہ کی یاد سے ہی آرام پکڑتا ہے
الا بذکر اللہ کو اللہ تعالیٰ کے کلام سے سن

غیر از نامش قرارے کے بود
استقامت احترامت کے بود

اس کے نام کے علاوہ چین کب آتا ہے
شریعت کے بغیر عزت کب آتی ہے

نام خدا

محترم اندر حرم نامِ خدا
بس کرم در علم نام خدا

حرم میں اللہ کا نام احترام والا ہے
ناموں میں خدا کا نام عظمت والا ہے

---

۱ انوارِ معرفت عالمِ خلق کے ظہور سے ہے۔ ۲ کثافت طبیعت۔ ۴ ممکن الوجود ۵ دُنیا ۶ صورت و جسم
۷ بے کیف ۸ کیف ۹ بدن ۱۰ ذاتِ الٰہی کا عالم جس میں سالک کو مقامِ فنافی اللہ حاصل ہوتا ہے۔

عزتِ ہر دو سرا نامِ خدا
دونوں جہانوں کی عزت خدا کا نام ہے

شوکتِ ہر دو جہاں نامِ خدا
دونوں جہانوں کی شان و شوکت خدا کا نام ہے

زیورِ حسنت شدہ نامِ خدا
تیرے حسن کا زیور خدا کا نام ہے

سطوت و ہیبت شدہ نامِ خدا
تیری رفعت و بلندی خدا کا نام ہے

تیز در رفتار شد نامِ خدا
رفتار میں تیز خدا کا نام ہے

گرم در گفتار شد نامِ خدا
بولنے میں گرم خدا کا نام ہے

برق شد تابندہ از نامِ خدا
خدا کے نام سے انوار کا ظہور ہے

تاب آفتاب ہست از نامِ خدا
خدا کے نام سے سورج کی گرمی ہے

نورِ ماہ تاب ہست از نامِ خدا
چاند کی روشنی خدا کے نام سے ہے

نور نور از جلوتِ نامِ خدا
نور کا روشن کرنا خدا کے نام کی تجلی کی وجہ سے ہے

شرۂ ملکوت از نامِ خدا
فرشتوں کی حرکت خدا کے نام سے ہے

پرتوِ ناسوت از نامِ خدا
عالمِ وجود کا عکس خدا کے نام سے ہے

مالک[1] و مملوک از نامِ خدا
مالک اور مملوک خدا کے نام سے ہے

غالب[2] و مغلوب از نامِ خدا
غالب اور مغلوب بھی اس کے نام سے ہے

ناصر[3] و منصور از نامِ خدا
ناصر و منصور خدا کے نام سے ہے

ساتر[4] و مستور از نامِ خدا
ساتر اور مستور بھی اس کے نام سے ہے

علم عالم چیست جز نامِ خدا
عالم کے علم کا نامِ خدا کے سوا کیا ہے

حکمِ حکمت چیست جز نامِ خدا
حکمت کا کمال خدا کے نام کے سوا کیا ہے

غافر[5] و مغفور از نامِ خدا
غافر اور مغفور اس کے نام سے ہے

ناشر و منشور از نامِ خدا
ناشر اور منشور بھی اس کے نام سے ہے

---

[1] مالک اثر مملوکیت [2] غالب، اثر غلبہ [3] فاتح اثر نصرت [4] پردہ۔در پردہ [5] اسم غفار، اثر مغفرت

عاشق[1] و معشوق از نامِ خدا | طالب[2] و مطلوب از نامِ خدا
عاشق اور معشوق بھی اس کے نام سے ہے | طالب اور مطلوب بھی اس کے نام سے ہے

خدمتِ خدام از نامِ خدا | بر غلاماں طوق[3] از نامِ خدا
خدام کی خدمت خدا کے نام سے ہے | غلاموں پر پابندی خدا کے نام سے ہے

شان سبحان الذی از نامِ خدا | سرِّ اسریٰ چیست جز نامِ خدا
سبحان الذی کی شان خدا کے نام سے ہے | اسریٰ کا راز خدا کے نام کے سوا کیا ہے

تیزیٔ براق از نامِ خدا | بال پروازش ہم از نامِ خدا
براق کی تیز رفتاری خدا کے نام سے ہے | اس کی پرواز کی شان بھی خدا کے نام سے ہے

قوت رفتار از نامِ خدا | منزلِ کردار از نامِ خدا
رفتار کی قوت خدا کے نام سے ہے | کام کرنے والوں کی منزل خدا کے نام سے ہے

سیر[4] افلاک ہست از نامِ خدا | سرِّ املاک ہست از نامِ خدا
آسمانوں کی سیر خدا کے نام سے ہے | علوی ملک کا راز خدا کے نام سے ہے

قاب[5] قوسین ہست از نامِ خدا | شانِ[6] ادنیٰ ہست از نامِ خدا
قاب قوسین خدا کے نام سے ہے | ادنیٰ کی شان خدا کے نام سے ہے

رمزِ مازاغ[7] ست از نامِ خدا | ماطغیٰ[8] عشق از نامِ خدا
مازاغ کا راز اللہ کے نام سے ہے | عشق ماطغیٰ اللہ کے نام سے ہے

گرم و نرم عشق از نامِ خدا | آب و تاب دلبراں از نامِ خدا
گرم اور نرم عشق خدا کے نام سے ہے | عاشقوں کی چمک دمک خدا کے نام سے ہے

---

[1] ذاکر، مذکور [2] عارف، معروف [3] دوام ذکر اسمِ ذات [4] مرتبہ قربِ کیف [5] قاب قوسین مراد قرب طرفی
[6] ادنیٰ مراد قرب غیر طرفی [7] مازاغ البصر الخ آیت کی طرف اشارہ [8] ماطغیٰ آیت کی طرف اشارہ

گرمئ[1] دلدادگاں از نامِ خدا
معشوقوں کی گرمی خدا کے نام سے ہے

نرمئ دل بیدلاں از نامِ خدا
عاشقوں کے دل کی نرمی خدا کے نام سے ہے

بے خودی[2] باخوداں از نامِ خدا
عقل والوں کی مدہوشی خدا کے نام سے ہے

دم کشئ[3] دم کشاں از نامِ خدا
سانس روکنے والوں کا سانس روکنا خدا کے نام سے ہے

بیہوشاں[4] را ہوش[5] از نامِ خدا
بے ہوشوں کی ہوش خدا کے نام سے ہے

بے نوارا نوش از نامِ خدا
بے توشہ کی خوراک خدا کے نام سے ہے

بود وجود ما و راز نامِ خدا
مخلوق کا وجود اور عدم اللہ کے نام سے ہے

کوشش و عیش حوتیاں از نامِ خدا
مچھلیوں کی زندگی اور کوشش کرنا خدا کے نام سے ہے

گفتگوئ عاشقاں از نامِ خدا
عاشقوں کی گفتگو خدا کے نام سے ہے

جستجوئے بیکساں از نامِ خدا
بے سہارا لوگوں کی جستجو خدا کے نام سے ہے

ناکسے را در کسے از نامِ خدا
بے کس کی حیثیت خدا کے نام سے ہے

نیستی را ہستی از نامِ خدا
ناممکن کا ممکن ہونا خدا کے نام سے ہے

اے دلِ بیدار بے زار از چہ ای
اے جاگنے والے دل تجھے کیا بے زاری ہے

اے دلِ نادار بیمار از چہ ای
اے غافل دل تجھے کیا غفلت ہے

ایں دوئ[6] بگذار و یکتائی[7] گزیں
دو کو چھوڑ دے اور ایک کو پکڑ لے

احولی[8] بگزار بینائی[9] گزیں
اندھے پن کو چھوڑ دے اور بینا ہو جا

احولی چہ بود نگاہِ بے وفا
اندھا پن کیا ہے ناپائدار نگاہ

چیست دو رنگی بقائے نابقا
دو رنگی کیا ہے فنا ہونیوالی چیز کو بقا سمجھنا

چوں بقائے نابقا شد ناوفا[10]
نابقا کا بقا کی طرح ہونا ناوفا ہے

بستہ پائے ناوفا شد بس جفا
ناوفا کا دل بستہ ہونا فقط ظلم ہے

---

١ سرورِ دل ٢ سکرِ وحدت از غلبہ حال وذکر ٣ حبسِ دم طریقہ نقشبندان ٤ صاحب حال ٥ بیداری
٦ شرک ٧ توحید ٨ غفلت ٩ معرفت ١٠ تھوڑا

حکم از فانِ و بقۓ گوش دار — پس بقائے ذوالبقاء در ہوش دار

فنا کرنیوالی اور باقی رہنے والی ذات کا حکم غور سے سن — پس واجب الوجود ذات کا بقا ہونا سمجھ

ایں بقائے ماوراء فانی بود — ذات یکتا خود بخود باقی بود

یہ مخلوق کی بقاء فانی ہے — ایک ذات خود بخود باقی رہنے والی ہے

ہستی ہر نیست نابودی بود — گرچہ در پندار خود بودی بود

ہر معدوم (جسم) کا وجود فنا ہونے والا ہے — اگرچہ اپنی سمجھ میں وہ موجود ہے

ذات آں پروردگار دو جہاں — از زوال واز زیاں دار دامان

اس دو جہاں پروردگار کی ذات — زوال اور نقصان سے محفوظ ہے

نامِ آں بے کیف جانِ دو جہاں — حرز تعویذ ست و حفظ دو جہاں

اس بے کیف ذات کا نام دو جہاں کی جان ہے — امن گاہ ہے اور دو جہاں کا نگہبان

از مبارک نامِ پاکش در زمین — ہیچ نقصاں نیست تا عرش بریں

اس کے پاک نام کی برکت سے زمیں میں — کچھ نقصان نہیں ہے عرش بریں تک

عرش یک ذرہ زنارِ نامِ او — فرش یک سایہ زعکسِ نامِ او

عرش اس کے نام کے نور کا ایک ذرہ ہے — فرش اس کے نام کے عکس کا ایک سایہ ہے

درنگنجد نامِ او اندر جہاں — از فروغ پرتوش روز جہاں

جہاں اس کے نام کو اپنے اندر نہیں سما سکتا — جہاں کا دن اس کے نام کے نور کی تجلی ہے

از بیاضِ نام او روشن جہاں
اس کے نام کی سفیدی سے جہان روشن ہے
از ریاضِ نامِ اوگلشن جہاں
اس کے نام کے باغ سے دنیا آباد ہے

حق نوازی ہست اندر نامِ حق
حق کی نوازش اللہ کے نام کی وجہ سے ہے
جان درازی ہست اندر نام حق
زندگی کا دراز ہونا اللہ کے نام میں ہے

درحقائق نامِ حق شد راہ نما
حقیقت میں اللہ کا نام راستہ دکھانے والا ہے
راہ نمائیندہ ست چوں پیرِ ھدا
راستہ دکھانے والا ہے پیر ھدیٰ کی طرح

طورِ سینا ایں دلِ ذاکر بود
ذاکر کا دل طور سینا کی طرح ہے
نارِ موسےٰ ایں دل فاکر بود
فکر کرنے والا دل موسیٰ کی آگ کی طرح ہے

خلعہ نعلین حضورش در قیام
کہ میرے پاس حاضری میں کھڑے ہوتے وقت جوتے اتار
ربگ افہام موسےٰ در کلام
تیرے رب نے موسیٰ کو کلام میں سمجھایا

رفتن موسیٰ سوئے فرعونیاں
حضرت موسیٰ کا فرعونیوں کی طرف جانا
چیست فرعوں نفس وشیطاں الاماں
کیا ہے فرعون نفس اور شیطان سے اللہ محفوظ رکھے

ابتلائے بود درحقِ غوی
حق کے بارے میں (شک) میں مبتلا ہونا گمراہی ہے
راہ نمائے بود در سحرِ قوی
سخت جادو میں راہ دکھلاتا ہے

از ہدایت ساحراں مسحور شد
جادو گر ہدایت سے مسحور ہوئے
از ضلالت طاغیاں مہجور شد
فرعونی گمراہی کی وجہ سے حق سے جدا ہوئے

سرکشی با سروراں تہذیب نیست
سر کشی سردار لوگوں کو زیبا نہیں
ہمسری با افسراں تادیب نیست
افسروں کے برابر اپنے آپ کو سمجھنا ادب نہیں ہے

در ادب باش اے غلام ناتمام
اے نامکمل غلام ادب والا ہو
تا بخیر آئید انجام نظام
تا کہ نزع کے وقت خاتمہ خیر ہو جائے

---

[1] تاثیر اسم ھادی۔

تحلِ سینہ ہمزۂ نامِ الٰہ
اللہ کے نام کے ہمزہ کو سینہ میں اتارنا

برق نورش در بیانش جلوگاہ
اسکے نور کی روشنی اسکے بیان میں جلوہ افروز ہے

بیکراں لطف ست در لام لطیف
لطیف کے لام میں بے حد مہربانی ہے

کارِ نورش از نزاکت شد منیف
اس کے نور کا کام نزاکت سے بلند ہے

ہائے نامش دائرِ اسماء شدہ
اللہ کے نام کی ''ھا'' اسماء کو دائر ہوئی[1]

ماوراء در دائرش غوغا شدہ
''ھا'' کے دائرے میں تمام مخلوق داخل ہوئی[2]

از ثریٰ تا لامکاں یُمن و یسار
تحت الثریٰ سے لامکاں تک دائیں طرف اور بائیں

از جلالِ قدرتش دار و قرار
اللہ کی قدرت کی ہیبت سے آرام اور حیات ہے

یک نفر بیروں ز فرمانش کجا
ایک آدمی اللہ کے حکم سے کہاں نکل سکتا ہے

یک شرر بیروں ز انوارش کجا
اور ایک چمک اسکے انوار سے کہاں باہر نکل سکتی ہے

مور تا فیل ست در فرمانِ او
چیونٹی سے ہاتھی تک اللہ کے حکم سے چلتے ہیں

کوہ تا نیل ست در فرمانِ او
کوہ قاف سے نیل تک اسی کے فرمان سے چلتے ہیں

فرش تا عرش ست در حکمش رواں
فرش سے عرش تک اللہ کے حکم سے چلتے ہیں

فطرتاً ہر چیز در حکمش دواں
فطری طور پر ہر چیز اس کے نام سے چلتی ہے

معنئ اسمِ الٰہ بشنو جواں
اے جوان اسم الٰہ کے معنی کو سن

با تو گویم انشاءاللہ در بیاں
انشاءاللہ میں تجھ سے بڑے بادشاہ کے بارے میں بیان کرتا ہوں

---

[1] جلالی و جمالی اسماء معدود (۹۹) وغیرہ اور غیر معدود چنانچہ اسماء وصفاتِ باری تعالیٰ غیر متناہی ہے۔ فاعلہ منفعلہ اسم اللہ کی ''ھا'' تمام اسماء پر احاطہ کئے ہوئے ہے اور مخلوقات اسماء کی تاثیرات سے پیدا ہوئی ہے۔ پس مخلوق ''ھا'' کے دائرے میں جمع ہے۔

[2] مخلوق ''ھا'' کے دائرے میں داخل ہے۔ یہ اسمائے حسنیٰ کی توحید اللہ کے لیے ہے۔ پس توحید کی رو سے تمام ممکنات ''ھا'' کے دائرے میں داخل ہوئی۔

بس سزاوار ہست ولائق ہر صفت
معنی الٰہ ہست لائق در لغت

بہت مناسب اور ہر صفت کے لائق ہے
الٰہ کا معنی لغت میں مناسب ہے

بشنوایں معنےٰ زعبدِ بے نوا
نیست عرش راالوہیت سزا

مجھ کمزور بندہ سے یہ معنی سن
عرش کے لیے الوہیت لائق نہیں ہے

ازمحاور بشنو اسرارِ لغت
نیست در معبود غیرش لائقت

لغت کے راز کی آسان گفتگو تو سن
معبود ہونے میں اس کے علاوہ کوئی لائق نہیں

زینتِ ماازلباسِ لا اِلٰہ
کے توانم من سپاس لا اِلٰہ

ہماری زینت لا الٰہ کے لباس سے ہے
میں لا الٰہ کا شکر کب ادا کر سکتا ہوں

اززمین وآسماں آید صدا
لا اِلٰہ ولا اِلٰہ ولا اِلٰہ

زمین و آسمان سے لا الٰہ
اور لا الٰہ اور لا الٰہ کی صدا آتی ہے

سربہ سر پوشیدہ اودر پردہ لا
ذات یکتا و مثالش لاولا

مکمل اللہ کی ذات لا کے پردہ میں پوشیدہ ہے
ذات یکتا ہے اس کی کوئی مثال نہیں اور نہیں

جز ز حکمش ذرہ جنبش کے کند
غیر حکمش شرہ نورش کے کند

اس کے حکم کے علاوہ ذرہ کہاں ہلتا ہے
اسکے حکم کے سوا اسکے نور کی طمع کون کر سکتا ہے

بے ثباتِ ماورآء اثباتِ او
احتجاج ماوراازذاتِ او

مخلوق کی بے ثباتی اللہ کی ذات کا اثبات ہے
مخلوق کی دلیل اس کی ذات سے ہے

مرہم چاکِ درونِ بیدلاں
دیدنِ دیدار پاک گلرُخاں

عاشقوں کی اندر کی زخم پٹی کو
خوبصورت کے دیدار نے پھاڑ دیا

دیدنِ دیدہ فزاید از دیدار — سُرمۂ نوری ہست روئے شہریار

آنکھ کی نظر دیدار سے بڑھتی ہے — بادشاہ (خدا) کا چہرہ نوری سُرمہ

دربدن پیدا شود خود تازگی — روح در جولاں شود از تازگی

بدن میں خود تازگی پیدا ہوتی ہے — اس تازگی سے روح جھومنے لگتی ہے

ناز بوئی ناز بینان نازِ او — راز جوئی راز جویاں راز او

عارفوں کا فیض اللہ کا فیض ہے — عارفوں کا نور اللہ کی معرفت ہے

اِلتیام اندر دلِ چاکاں تُوئی — نورِ عرفاں در دلِ پاکاں توئی

پھٹے دلوں میں زخم بھرنا تجھ ہی سے ہے — معرفت کا نور پاکوں کے دل میں تجھ ہی سے ہے

شور و غوغا در دلِ شوریدگاں — بُرد خواب و آرام از خوابیدگاں

عاشقوں کے دل کا شور و غوغا — سونے والوں سے سکون اور نیند اُڑا دیتا ہے

از خیالِ روئے تو غوغا شدہ — شور و شر افتادہ واویلا شدہ

تیرے چہرے کے دیدار کے خیال سے شور ہوگیا — شور و غوغا اور وا ویلا ہو گیا

دل درونِ سینہ غلطید[1] و تپید — برق رخسارش بچشم[2] حال دید

دل سینے میں لُڑھکتا اور تڑپتا ہے — اُسکے رخسار کی روشنی کو اسنے حال کی آنکھ سے دیکھا

سینہ چوں آئینہ نارِ نورِ تو — روشن است از زیت فکر روئے تو

سینہ تیرے نور کی روشنی کے آئینے کی طرح ہے — تیرے چہرے کے فکر کے تیل سے چراغ قلبی روشن ہے

قبلۂ ہر روئ یک روئے تو شد — رہبرِ کوئے تو ہم بوئے تو شد

ہر ایک چہرے کا قبلہ تیرا چہرہ ہوا — تیری گلی کا راہ نما تیری خوشبو ہوئی

بوئے شمیدن چیست آثارِ[3] مکان — زیتِ فکرش اعنی اسماء[4] حسان

خوشبو سونگنا کیا ہے مخلوق کی نشانیاں — اُس کی فکر کا تیل مراد لیتا ہوں اسماء الحسنیٰ

---

[1] حرکت کرنا [2] تصورِ ذاتی [3] اشیاء دنیا میں غور و فکر کرنا [4] اسماء حسنیٰ کہ ہر اسم دنیا اور آخرت کی کسی نہ کسی چیز سے تعلق رکھتا ہے

ایں جہاں آثار اسمائے صفات

یہ جہاں اُس کے صفاتی نام کے آثار ہیں

ہست در ہر چیز تاثیرے صفات

ہر چیز میں صفات کی تاثیر ہے

ایں عبادت ہائے گونا گونِ ما

یہ ہماری مختلف عبادتیں

ازخواص اسم اللہ عابدان

عابدوں نے اللہ تعالیٰ کے نام کے خواص سے

ایں عبادت ہائے عالم گاہ بگاہ

یہ لوگوں کی گاہ بگاہ عبادتیں

اولاً تحریک آید از خدا

سب سے پہلی حرکت اللہ کی طرف سے آتی ہے

زیرِ حکم اسم باشد مدرکات

اسم کے حکم کے تحت ہے تمام عالم خلق

انتظامِ ہر یک از نظمِ صفات

ہر ایک کا انتظام اسکی صفات کی نظم وضبط سے ہے

ظل وآثار الہ میمونِ ما

ہمارے بابرکت الہ کے آثار او سایہ ہیں

عکسہا بگرفتہ گشتند عارفان

اس کے عکس کو پکڑ کر عارف بن گئے

چیست الّا عکس اسمِ الٰہ

کیا ہیں مگر الہ کے نام کا عکس ہے

بعدہٗ توفیق گردد از الٰہ

اسکے بعد توفیق بھی اللہ کی طرف سے ہوتی ہے

ظلِ رحمٰن ست عیشِ زندگی

رحمٰن کا سایہ زندگی کی اسائش ہے

زندگی در بندگی بندگی در زندگی

زندگی بندگی میں ہے بندگی زندگی میں ہے

چائے وحلوہ نانِ بریان وکباب

چائے اور حلوہ پکی ہوئی روٹی اور کباب

ظل مہرِ رحمت او بے حساب

اس کی رحمت کے سورج کا سایہ بے حساب ہے

بے بدل ہم بے رقم روزی دہد

مفت بھی بے قیمت روزی دیتا ہے

از خواص اسمِ رحمٰن میدہد

رحمٰن کے نام کی خاصیتوں سے دیتا ہے

کفر وایماں شرط رحمانش کجا

